20/06/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا کہ حکومت جموں و کشمیر میں سرکاری تعلیمی اداروں کا معیار بہتر بنانے اور انہیں اپ گریڈ کرنے کا پختہ عزم کئے ہوئے ہیں ۔سامبہ ضلع میں گورنمنٹ ڈگری کالج پرمنڈل کے نئے تعمیر کئے گئے کالج کمپلیکس کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے اپنے مقاصد کے حصول کےلئے کمر بستہ ہے۔ اس موقعہ پر انہوں نے جموں صوبے میں پانچ سرکاری ڈگری کالجوں کو اپنے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری اقدام کے تحت جموں کشمیر بینک کی عطا کردہ پانچ بسوں کی چابیاں بھی سونپ دی۔تقریب پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے ۔

بارہمولہ

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے بارہمولہ ضلع کے دورے کے دوران مقامی قانون سازوں کے ہمراہ بارہمولہ میں گجر بکروال ہوسٹل کا معائنہ کیا۔ وزیر موصوف نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ ہوسٹل میں انتظامات اور دیگر سہولیات کو مزید بہتر بنانے کےلئے اقداما ت کریں۔ انہوں نے دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر اور مقامی ایم ایل اے کے ہمراہ ایک وسیع شجر کاری مہم میں حصہ لیا۔وزیر نے جہلم ویلی فارسٹ ڈویژن کی جانب سے تیار کردہ ایکو پارکس کی نمائش کرنے والا ایک کتابچہ بھی جاری کیا۔

بانڈی پورہ

محکمہ دیہی ترقیات اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے سمبل بانڈی پورہ میں محرم کےلئے کئے جانے والے انتظامات کا متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ میٹنگ میں

ايم ايل اے سونہ واری ہلال اکبر لون بهی موجود تهے ۔ وزير موصوف نے افسران کو محرم کشمير وی کے IGPلاحرام کے سلسلے ميں تمام لازمی خدمات يقينی بنانے پر زور ديا۔ دريں اثناء بردی نے پوليس کنٹرول روم کشمير ميں ايک ميٹنگ کے دوران محرم لاحرام اور يوگا ڈے کے سلسلے ميں سکيورٹی انتظامات کا جائزه ليا ۔ ايس ايس پی بڈگام نِکهل بورکر نے بهی ماگام ميں ايک ميٹنگ ميں محرم کے پيش نظر سکيورٹی کے حولاے تياريونکا جائزه ليا ۔

مبارک باد

ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے صدر جمہوريہ دروپدی مرمو کو جنم دن کے موقعہ پر مبارک باد دی ہے ۔ ايک سوشل ميڈيا پوسٹ ميں ايل جی نے کہا ہے کہ دروپدی مرمو کی رہنمائی اور قوم کی ترقی کے تئيں ان کیلگن ہميشہ تحريک ديتی رہی ہے۔

يوگا

کل منائے جانے ولاے يو گا کے 11 ويں بين الاقوامی دن کے سلسلے ميں سبهی تياريوں کو حتمی شکل ديگئی ہے ۔ اس موقعے پر دنيا بهر ميں کروڑوں کی تعداد ميںلوگ يوگا کريں گے۔ وزير اعظم نريندر مودی آندهرا پرديش ميں قومی سطح کی تقريب ميں شامل ہوں گے ۔ يوگا کی اہميت کے بارے ميں کشمير ميں آرٹ آف ليونگ نامی ادارے کی ريجنل ڈائريکٹروندنا دفتری نے آکاشوانی نيوز سرينگر کے ساته بات کرتے ہوئے کہا۔

چيف سيکريٹری

چيف سيکريٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمير ميں طبی نگہداشت کی خدمات کو جديد اور بہتر بنانے کے حکومت کے عزم کا اعاده کيا ہے ۔ سکمز صوره ميں کل طبی نگہداشت کے کئی اہم پروجيکٹوں کا افتتاح کرنے اور انہيں کمشن کرنے کے موقعہ پر انہوں نے سکمز کے بارے ميں حکومت کے واضح نظريے کا ذکر کرتے ہوئے ادارے کو مسلسل تعاون دينے کی ضرورت پر زور ديا ۔ انہوں نے لوگوں کے تئيں اس ادارے کی مثلای خدمات کی سراہنا کی۔ ڈائريکٹر سکمز محمد اشرف گنائی نے انسٹيچوٹ کی حصوليابيوں کے بارے ميں ايک تفصيلی پريزنٹيشن دی ۔

NCC

کا ايک دستہ ANOs ملک کی مختلف رياستوں ويو ٹيز سے تعلق رکهنے ولاے340 کيڈٹوں اور سرينگرميں اسپيشل نيشنل انٹيگريشن کيمپ ميں شرکت کی غرض سے 17 جون کو سرينگر وارد ڈائريکٹوريٹ کی طرف سے منعقد ہو رہا يہ کيمپ 12دنوں NCCہوا۔ جموں کشمير اور لداخ کے

سرینگر کے گروپ کمانڈر برگیڈر دیپک سنجن ہار نے افتتاحی تقریب پر NCC تک جاری رہے گا.
کہاکہ کیمپ کی بدو□ت نوجوانوں میں یکجہتی ،□یڈر شپ اور قومی وقار جیسے اقدار کو فروغ
حا□ل ہوگا .

PDP

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے جنرل سیکریٹری محمد خورشید عا□م نے پمپوش کا□ونی سرینگر کا دورہ کیا جہاں آگ کے ایک حا□یہ واقعے میں کئی رہائشی مکانات خاکستر ہوئے تھے . انہوں نے آگ متاثرین سے بات چیت کی . انہوں نے نق□انات کا تخمینہ□گا کر حکومت سے بے گھرہوئے کنبوں کے□ئے فوری طور معاوضے اور دیگر امداد کی اپیل کی .

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت21 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا.

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا .

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا .

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ